# ماری پٹرولیم کمپنی لمیٹڈ

21 ماؤوایریا، 3rd روڈ، سیکٹر G-10/4، اسلام آباد۔ www.mpcl.com.pk

MPCL

# نوٹس برائے سالانہ اجلاس عام

بذریعہ نوٹس ہذا مطلع کیا جاتا ہے کہ ماری پٹرولیم کمپنی لمیٹڈ کے شیئر ہولڈرز کا 39واں سالانہ اجلاس عام (AGM) مورخہ 26 ستمبر، 2023ء بروز منگل صبح 10:00 بجے کمپنی کے رجسٹرڈ آفس واقع 21 ماؤوایریا، 3rd روڈ، سیکٹر G-10/4، اسلام آباد میں درج ذیل امور کی انجام دہی کیلئے منعقد کیا جائے گا:

**عمومی کارروائی:**

1۔ 30 جون، 2023ء کوختم ہونے والے سال کے لیے کمپنی کے آڈٹ شدہ سالانہ مالیاتی گوشواروں کو وصول کرنا، ان پر غور وخوض کرنا اور انہیں ڈائریکٹرز اور آڈیٹرز رپورٹس کے ساتھ پیش کرنا۔

2۔ 30 جون، 2023ء کوختم ہونے والے سال کے لیے بورڈ آف ڈائریکٹرز کی جانب سے تجویز کردہ حتمی ڈیویڈنڈ 58 روپے فی شیئر (580 فیصد) کی منظوری دینا۔ یہ عبوری ڈیویڈنڈ 89 روپے فی شیئر (890 فیصد) کے علاوہ ہے جو پہلے ہی ادا کیا جاچکا ہے۔

3۔ مالی سال 24-2023 کیلئے آڈیٹرز کا تقرر کرنا اور ان کے معاوضے کا تعین کرنا۔

4۔ چیئرمین کی اجازت سے دیگر کوئی بھی کاروباری امور کی انجام دہی۔

بحکم بورڈ

محمد سجاد

ایکٹنگ کمپنی سیکرٹری

04 ستمبر، 2023ء

**نوٹس:**

**1۔ کتابوں کی بندش**

کمپنی کی شیئر ٹرانسفر بکس 20 ستمبر، 2023 سے 26 ستمبر، 2023 تک (بشمول دونوں ایام) بند رہیں گی۔ کمپنی کے شیئر رجسٹرار آفس واقع میسرز کارپ لنک (پرائیویٹ) لمیٹڈ، ونگز آرکیڈ K-1 کمرشل، ماڈل ٹاؤن، لاہور میں 19 ستمبر، 2023ء کو کاروبار کے اختتام تک موصول ہونے والی تمام ٹرانسفرز کو سالانہ اجلاس عام میں شرکت اور حتمی ڈیویڈنڈ کی ادائیگی کے لیے بروقت تصور کیا جائے گا۔

**2۔ سالانہ اجلاس عام میں ورچوئل شمولیت**

سالانہ اجلاس عام میں ورچوئل شرکت کے خواہشمند شیئر ہولڈرز کو ہدایت کی جاتی ہے کہ وہ اپنی درجہ ذیل معلومات بذریعہ ای میل corporate.affairs@mpcl.com.pk; پر ارسال کر کے خود کو کمپنی کے ساتھ رجسٹرڈ کرائیں۔

| شیئر ہولڈر کا نام | کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ نمبر | فولیو نمبر/سی ڈی سی اکاؤنٹ نمبر | شیئرز کی تعداد | رابطہ نمبر | ای میل ایڈریس |
|---|---|---|---|---|---|
| | | | | | |

آن لائن میٹنگ لنک اور لاگ ان کی تفصیلات صرف ان ممبران کو فراہم کی جائیں گی جن کی ای میلز مطلوبہ تمام معلومات کے ہمراہ دیے گئے ای میل پتہ پر بروز پیر، 25 ستمبر، 2023ء کو کاروبار کے اختتام تک موصول ہو جائیں۔ لاگ ان کی سہولت اجلاس کے روز 26 ستمبر، 2023 کو صبح 10:00 بجے سے اجلاس کے اختتام تک دستیاب رہے گی۔

**3۔ ای-ووٹنگ**

ممبران کمپنیز ایکٹ، 2017 کی دفعہ 143 سے دفعہ 145 اور کمپنیز (پوسٹل بیلٹ) ریگولیشنز، 2018 کی قابل اطلاق شقوں کی ضروریات کو پورا کرنے کے ساتھ رائے شماری کا مطالبہ کرنے کے اپنے حق کا استعمال کر سکتے ہیں۔

**4۔ سالانہ اجلاس عام میں ذاتی طور پر یا پراکسی کے ذریعے شرکت کرنا**

مذکورہ میٹنگ میں شرکت اور ووٹ دینے کا حقدار ممبر کسی شخص/نمائندے کو پراکسی کے طور پر میٹنگ میں شرکت اور اپنی طرف سے ووٹ دینے کے لیے مقرر کر سکتا ہے۔ کمپنی کے آرٹیکلز آف ایسوسی ایشن کے مطابق نمائندگی نامہ میٹنگ کے انعقاد سے کم از کم 48 گھنٹے قبل کمپنی کے رجسٹرڈ آفس میں موصول ہوجانا چاہیے۔ شیئر ہولڈرز کی سہولت کے لیے خالی پراکسی فارم (انگریزی اور اردو) کمپنی کی ویب سائٹ https://mpcl.com.pk/forms پر بھی دستیاب ہیں۔

کارپوریٹ ادارہ ہونے کی صورت میں، بورڈ آف ڈائریکٹرز کی قرارداد/مختارنامہ مع نامزد فرد کے دستخط میٹنگ کے انعقاد سے قبل فراہم کرنے ہوں گے۔ سی ڈی سی میں کمپنی کے کارپوریٹ ممبران کے نمائندے یا انفرادی ممبران میٹنگ کے وقت شناخت اور تصدیق کے ثبوت کے طور پر اپنے اصل قومی شناختی کارڈز یا پاسپورٹ، سی ڈی سی اکاؤنٹ اور بطور شرکت کنندہ شناختی نمبر ساتھ لانا ہوگا۔

سی ڈی سی انویسٹر اکاؤنٹ ہولڈرز کو سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان کی جانب سے جاری کردہ ہدایات پر عمل کرنا ہوگا۔

**5۔ الیکٹرانک موڈ کے ذریعے کیش ڈیویڈنڈ کی ادائیگی**

کمپنیز ایکٹ، 2017 کی سیکشن 242 کے تحت کیش ڈیویڈنڈ صرف الیکٹرانک موڈ کے ذریعے براہ راست شیئر ہولڈرز کے نامزد کردہ بینک اکاؤنٹس میں منتقل کیا جائے گا۔ لہٰذا، قانون پر عملدرآمد کیلئے ان تمام فزیکل شیئر ہولڈرز جنہوں نے اپنے انٹرنیشنل بینک اکاؤنٹ نمبر (IBAN) اور سی این آئی سی کی تفصیلات کمپنی کو جمع نہیں کرائی ہیں، سے درخواست کی جاتی ہے کہ وہ یہ معلومات کمپنی کی ویب سائٹ https://mpcl.com.pk/forms پر موجود ڈیویڈنڈ مینڈیٹ فارم پر فراہم کریں۔ سی ڈی سی میں کمپنی کے شیئر ہولڈرز سے درخواست کی جاتی ہے کہ وہ سی ڈی سی میں اپنے شرکاء کو یہی معلومات فراہم کریں جو سی ڈی سی ان کے اکاؤنٹس برقرار رکھتے ہیں اور اس بات کو یقینی بناتے ہیں کہ ان کی IBAN کی تفصیلات اپ ڈیٹ کر دی گئی ہیں۔ IBAN اور درست CNIC کی عدم دستیابی کی صورت میں، کمپنیز (ڈسٹری بیوشن آف ڈیویڈنڈز) ریگولیشنز، 2017 کے تحت، کمپنی ڈیویڈنڈ روکنے پر مجبور ہوگی۔

**6۔ ڈیویڈنڈ سے انکم ٹیکس کی کٹوتی اور کٹوتی سے چھوٹ**

انکم ٹیکس آرڈیننس، 2001 کی شق 150 کے تحت کمپنیز کی جانب سے ڈیویڈنڈ کی ادائیگی سے ودہولڈنگ ٹیکس کی کٹوتی کی موجودہ شرح درج ذیل ہے:

انکم ٹیکس گوشوارے جمع کروانے والوں کے لیے : 15 فیصد

انکم ٹیکس گوشوارے جمع نہ کروانے والوں کے لیے: 30 فیصد

ڈیویڈنڈ سے انکم ٹیکس کی کٹوتی ایف بی آر کی ویب سائٹ پر دی جانے والی فعال ٹیکس دہندگان کی فہرست (ATL) کے مطابق کی جاتی ہے۔ ایسے تمام شیئر ہولڈرز جو انکم ٹیکس گوشوارے جمع کرواتے ہیں، سے گزارش کی جاتی ہے کہ وہ ATL میں اپنے نام کے اندراج کو یقینی بنائیں تاکہ کمپنی ان کے ڈیویڈنڈ سے 30 فیصد کی بجائے 15 فیصد انکم ٹیکس کی کٹوتی کو یقینی بنا سکے۔ علاوہ ازیں، فیڈرل بورڈ آف ریونیو (ایف بی آر) کے مطابق شیئر ہولڈرز کے مشترکہ اکاؤنٹس کی صورت میں ان کے شیئر ہولڈنگ تناسب کی بنیاد پر پرنسپل شیئر ہولڈر اور جوائنٹ ہولڈر کی 'فائلر/ نان فائلر' حیثیت پر ودہولڈنگ ٹیکس کا الگ سے تعین کیا جائے گا۔ لہٰذا تمام شیئر ہولڈرز جو مشترکہ طور پر شیئر رکھتے ہیں ان سے درخواست کی جاتی ہے کہ وہ پرنسپل شیئر ہولڈر اور جوائنٹ ہولڈرز کے شیئر ہولڈنگ تناسب تحریری طور پر ہمارے شیئرز رجسٹرار کو ذیل میں فراہم کریں:

**ماری پٹرولیم کمپنی لمیٹڈ**

**جوائنٹ شیئر ہولڈنگ تناسب فارم**

| فولیو/سی ڈی سی اکاؤنٹ نمبر | ٹوٹل ہولڈنگ | پرنسپل شیئر ہولڈر | | جوائنٹ شیئر ہولڈرز | | دستخط |
|---|---|---|---|---|---|---|
| | | نام اور سی این آئی سی نمبر | شیئر ہولڈنگ کا تناسب (شیئرز کی تعداد) | نام اور سی این آئی سی نمبر | شیئر ہولڈنگ کا تناسب (شیئرز کی تعداد) | |
| | | | | | | |

جوائنٹ اکاؤنٹ کی معلومات نوٹس ہذا کی اشاعت کے 10 دن کے اندر ہمارے شیئر رجسٹرار کو موصول ہو جانی چاہیں۔ معلومات کی عدم وصولی کی صورت میں پرنسپل شیئر ہولڈر اور جوائنٹ ہولڈر کا تناسب برابر تصور کیا جائے گا۔

CDC میں کمپنی کے کارپوریٹ شیئر ہولڈرز کو ہدایت کی جاتی ہے کہ وہ اس بات کو یقینی بنائیں کہ ان کے نیشنل ٹیکس نمبرز (NTNs) کو ان کے متعلقہ شرکاء کے ساتھ اپ ڈیٹ کر دیا گیا ہے، جب کہ کارپوریٹ فزیکل شیئر ہولڈرز کو اپنے NTN سرٹیفکیٹ کی ایک کاپی، فولیو نمبرز کے ساتھ کمپنی یا اس کے شیئرز رجسٹرار کو فراہم کریں۔

شیئر ہولڈرز، جو انکم ٹیکس آرڈیننس، 2001 کے سیکشن 150 کے تحت استثنیٰ حاصل کرنا چاہتے ہیں، وہ کتابوں کی بندش شروع ہونے سے پہلے ہمارے شیئرز رجسٹرار کو درست ٹیکس استثنیٰ کا سرٹیفکیٹ فراہم کریں بصورت دیگر قابل اطلاق شرح کے مطابق ڈیویڈنڈ پر ٹیکس کٹوتی کی جائے گی۔

**7۔ سالانہ آڈٹ شدہ مالیاتی گوشوارے، رپورٹس اور AGM کے نوٹس کی ترسیل**

کمپنی 30 جون، 2023ء کوختم ہونے والے مالی سال کے لیے اپنے سالانہ آڈٹ شدہ مالیاتی گوشوارے اور رپورٹس کمپنی ویب سائٹ پر آویزاں کرے گی، جنہیں درج ذیل لنک اور QR کوڈ کے ذریعے ڈاؤن لوڈ کیا جاسکتا ہے۔

https://mpcl.com.pk/financial-reports/

مزید یہ کہ، SECP کے SRO 787(1)/2014 بتاریخ 8 ستمبر 2014ء کے تحت شیئر ہولڈرز ای میل کے ذریعے سالانہ اجلاس عام کے نوٹس کے ساتھ ساتھ سالانہ رپورٹ بھی حاصل کر سکتے ہیں۔ یہ سہولت حاصل کرنے کے لئے شیئر ہولڈرز سے درخواست کی جاتی ہے کہ وہ کمپنی کی ویب سائٹ https://mpcl.com.pk پر موجود باقاعدہ پُرشدہ درخواست فارم کمپنی سیکرٹری کے دفتر میں جمع کرائیں۔

سالانہ آڈٹ شدہ مالیاتی گوشواروں کے ساتھ ساتھ رپورٹس اور AGM کے نوٹس ان ممبران کو بھیجے جا رہے ہیں جنہوں نے اپنے ای میل ایڈریس فراہم کیے ہیں۔ سالانہ رپورٹ کی فزیکل کاپی ممبران کو ان کی درخواست پر فراہم کی جائے گی۔

**8۔ ویڈیو کانفرنس کی سہولت کیلئے رضامندی**

کمپنیز ایکٹ، 2017 کے سیکشن (2)132 کے مطابق، ممبران اس سالانہ اجلاس عام میں شرکت کے لیے ویڈیو کانفرنس کی سہولت حاصل کر سکتے ہیں بشرطیکہ مجموعی طور پر 10 فیصد یا زیادہ شیئر رکھنے والے ممبران کی جانب سے کمپنی کو اجلاس کے انعقاد سے کم از کم 7 دن قبل سہولت کے لیے رضامندی حاصل ہو۔

**9۔ فزیکل شیئرز کی بک انٹری فارم میں منتقلی**

کمپنیز ایکٹ، 2017 کے سیکشن 72 کے تحت، تمام لسٹڈ کمپنیز پر لازم ہے کہ وہ ایکٹ کے نفاذ کے چار سال کے اندر اندر ان کی طرف سے جاری کردہ شیئرز کو فزیکل فارم سے بک انٹری فارم میں منتقل کرائیں۔ لہٰذا، فزیکل شیئرز رکھنے والی کمپنی کے تمام شیئر ہولڈرز سے درخواست کی جاتی ہے کہ وہ اپنے شیئرز کو جلد از جلد بک انٹری فارم میں تبدیل کرالیں۔ فزیکل شیئرز کو بک انٹری فارم میں تبدیل کرنے کے لیے شیئر ہولڈرز کمپنی یا شیئرز رجسٹرار، میسرز کارپ لنک (پرائیویٹ) لمیٹڈ سے رابطہ کر سکتے ہیں۔

**10۔ غیر دعویٰ شدہ ڈیویڈنڈ اور شیئر سرٹیفکیٹس**

کمپنی، کمپنیز ایکٹ، 2017 کی شق 244 کے تحت، شیئر ہولڈرز سے ان کے غیر دعویٰ شدہ ڈیویڈنڈز اور غیر موصول شیئر سرٹیفکیٹس پر قانون کے مطابق دعویٰ کرنے کی درخواست کر کے اپنی ذمہ داری سے دست بردار ہو چکی ہے۔

شیئر ہولڈرز، جن کے ڈیویڈنڈ اور شیئر سرٹیفکیٹس ابھی تک غیر دعویٰ شدہ ہیں، ان کو ایک بار پھر ہدایت کی جاتی ہے کہ وہ اپنے غیر دعویٰ شدہ ڈیویڈنڈز اور غیر موصول شیئر سرٹیفکیٹس کے حصول کے لیے کمپنی سے رابطہ کریں۔

**11۔ پتہ جات میں تبدیلی**

تمام ممبران سے درخواست کی جاتی ہے کہ اپنے میلنگ ایڈریس میں کسی قسم کی تبدیلی کی صورت میں فوری طور پر کمپنی کے شیئرز رجسٹرار، میسرز کارپ لنک (پرائیویٹ) لمیٹڈ کو مطلع کریں۔

**12۔ رابطہ کی تفصیلات**

کسی بھی سوال/معلومات کیلئے، شیئر ہولڈرز کارپوریٹ افیئرز ڈیپارٹمنٹ کے فون نمبر: 051-111-410-410 یا ای میل: corporate.affairs@mpcl.com.pk یا کمپنی کے شیئرز رجسٹرار، میسرز کارپ لنک (پرائیویٹ) لمیٹڈ، ونگز آرکیڈ، K-1 کمرشل، ماڈل ٹاؤن، لاہور کے فون نمبر: 042-35916714 یا 042-35916719 یا ای میل: corporate@corplink.com.pk, corplink786@gmail.com پر رابطہ کریں۔

## ماری پٹرولیم کمپنی لمیٹڈ

051-111-410-410 Fax: 051-2352859